مریضوں کو واپس گھر بھیجنا

اگر مریض گھر جانے کے لیے طبی طور پر ٹھیک ہوں، تو انہیں اس صورت میں بھی گھر بھیجا جا سکتا ہے جب ان کا COVID19 کے معائنے کا نتیجہ مثبت ہو یا وہ اپنے COVID19 کے معائنے کے نتیجے کا انتظار کر رہے ہوں۔ COVID19 کے معائنے کا نتیجہ اس امر کا سبب **نہیں**بن سکتا کہ مریضوں کو بذات خود اسپتال میں رکھا جائے۔

گھر رخصت کیے جانے والے مریضوں کو چاہیئے کہ مرکز برطانیہ برائے صحت عامہ کے نظربندی کے ہدایت نامے پر عمل کریں جن کے COVID19 کے معائنے کا نتیجہ زیرالتواء ہو یا جن میں COVID19 کی تصدیق ہو چکی ہو۔ (PDF دستیاب ہے)

نگہداشت کے مراکز میں بھیجے جانے والے ایسے مریضوں کو ڈسچارج ہونے سے قبل مصدقہ منفی نتائج حاصل کرنے ہوں گے جن کا COVID19 کے امکان کی بناء پر روئی کے ذریعے نمونہ لیا گیا ہو، تاکہ نگہداشت کے مرکز کے ماحول میں منتقلی کے امکان میں کمی لائی جا سکے۔